# 36370 ـ اس کے پاس مال نہیں ہے اورکسی دوسرے کی جانب سے معاوضہ کے ساتھ حج کرنا چاہتا ہے

**سوال**

ایک شخص نے اپنا فریضہ حج ادا نہیں کیا ، اورنہ ہی اس کے پاس حج کےلیے مال ہے ، توکیا اس کے لیے معاوضہ حاصل کرکے کسی میت یا بوڑھے کی جانب سے حج کرنا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

کسی شخص کےلیے جائز نہیں کہ وہ اپنا فریضہ حج ادا کیے بغیر کسی دوسرے کی جانب سے حج ادا کرے ، اس کی دلیل ابن عباس رضي اللہ تعالی عنہما کی مندرجہ ذیل حدیث ہے :

ابن عباس رضي اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا کہ ایک شخص کہ رہا تھا : لبیک عن شبرمہ میں شبرمہ کی طرف سے حاضر ہوں ، تونبی صلی اللہ علیہ وسلم فرمانے لگے :

کیا تونے اپنی طرف سے حج کی ادائیگي کرلی ہے ؟ وہ شخص کہنے لگا نہیں ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : اپنی طرف سے حج ادا کرو اورپھرشبرمہ کی جانب سے ادا کرنا ۔

اسے ابوداود نے روایت کیا ہے ، اورعلامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے ارواء الغلیل میں صحیح قراردیا ہے دیکھیں : الارواء ( 994 ) ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .